عدالت العالیہ آزاد جموں و کشمیر مظفر آباد

☆☆☆☆

ٹینڈر نوٹس

عدالت العالیہ آزاد جموں و کشمیر کی لائبریری ہا ہیڈ کوارٹر مظفر آباد، عدالت العالیہ سرکٹ میر پور، کوٹلی اور راولاکوٹ کے لیے قانونی کتب، Law Generals، Statutes، جنرل موضوعہ قوانین اور دیگر موضوعی کتابی مواد کی خرید و جلد بندی کے سلسلہ میں رجسٹرڈ لاء بکس، پبلشرز، لاء بک ہاؤسز سے بذیل شرائط کے ساتھ Single Stage one envelope طریقہ کار کے تحت کوٹیشن ہا مطلوب ہیں۔

خواہشمند کوٹیشن دہندگان اپنی کوٹیشنز مکمل تفصیل کے ساتھ مورخہ 12.06.2021 بوقت 11:00 بجے دن تک عدالت العالیہ ہیڈ کوارٹر چھتر دومیل مظفر آباد میں جمع کرواسکتے ہیں جو اسی روز بوقت 12:00 بجے دن زیر دستخطی کے آفس میں حاضر آمدہ کوٹیشن دہندگان/مجاز نمائندگان کی موجودگی میں کھولی جائیں گی۔

شرائط:

1۔ مطابق فہرست ہر کتاب کے لیے الگ الگ انراخ کا اندراج کیا جانا ضروری ہوگا نیز کوٹیشن کے ہمراہ جملہ کتابوں کے نمونہ جات شامل کرنے ہونگے۔

2۔ کوٹیشن کے ہمراہ 5% کی کال ڈیپازٹ بنام رجسٹرار عدالت العالیہ بھی شامل کرنا ہوگی بصورت دیگر کوٹیشن قابل قبول نہ ہوگی۔

3۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ دیئے گئے انراخ کے مطابق کتب کی فراہمی سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد دی گئی مدت کے اندر فوری طور پر مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔

4۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ کو مروجہ قانون کے تحت انکم ٹیکس، تجوید القرآن ٹرسٹ، جنرل سیلز ٹیکس، کشمیر لبریشن سیس و دیگر مروجہ ٹیکسز ادا کرنا ہونگے۔

5۔ پرچیز کمیٹی آزاد جموں و کشمیر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی رولز کے قاعدہ نمبر 33 کے تحت کوٹیشن کو مسترد کرنے کی مجاز ہوگی۔

6۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ تمام کتابی مواد کو معیار اور شرائط کے مطابق ہونے کے حوالہ سے پرچیز کمیٹی کو چیک کروانے کا پابند ہوگا نیز سپلائی آرڈر کے تحت تمام کتابی مواد Comprehensive Commentary پر مشتمل ہونا لازم ہوگا۔

7۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ اس امر کا پابند ہوگا کہ:۔

(i)۔ تمام کتابی مواد (لاء جرنلز، موضوعاتی قوانین، Statutes) کی پرنٹنگ اعلیٰ کوالٹی کے کاغذ پر ہوگی نیز جلد بندی اعلیٰ معیار کی حامل ہوگی۔

(ii)۔ غیر معیاری کاغذ پر طباعت (Printing) کردہ نارمل جلد بندی والی کتب قابل قبول نہیں ہونگی۔ جلد بندی (Hard Binding) گتہ سازی میں ہونی چاہیے۔

(iii)۔ موضوعاتی قوانین اور دیگر جنرل موضوعاتی مواد Comprehensive Commentary اور ریفرنسز ماہر مصنفین کی ضخیم تصانیف پر مشتمل ہونا لازم ہوگا۔ غیر معیاری مطبوعات اور Bare Acts، Short Brief Books وغیرہ قابل قبول نہ ہونگے۔

(iv)۔ عدالتی معیار پر پورا نہ اترنے والا کتابی مواد قابل قبول نہ ہوگا۔

(v)۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ پرچیز کمیٹی کی Evaluation کے بعد مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والی کتب کو عدالت العالیہ ہیڈ کوارٹر چھتر دومیل مظفر آباد پہنچانے کا پابند ہوگا۔

(vi)۔ موضوعاتی قوانین پر مشتمل تمام مواد مطابق ڈیمانڈ لسٹ جدید ترین ایڈیشنز (سال 2019 تا سال 2021) پر مشتمل ہونا لازم ہوگا۔

(vii)۔ جملہ کتب کا معیار، کاغذ کی کوالٹی، جلدی بندی وغیرہ چیک کرنے کے بعد بلات کی ادائیگی عمل میں لائی جائے گی اور غیر معیاری کتابیں واپس کی جائیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ فرم کے ذمہ ہوگی۔

8۔ مختص شدہ رقم برائے خرید کتب ہا کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیمانڈ لسٹ میں درج کتب ہا میں کمی بیشی بمطابق PPRA رولز کی جاسکتی ہے۔

9۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ ڈیمانڈ لسٹ/ٹینڈر فہرست کے مطابق جملہ کتابی مواد یکمشت فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔

10۔ ٹینڈر کی تفصیل اور ڈیمانڈ لسٹ/فہرست کتب لائبریری عدالت العالیہ ہیڈ کوارٹر مظفر آباد سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے نیز عدالت العالیہ آزاد جموں و کشمیر کی آفیشل ویب سائیٹ www.ajkhighcourt.gok.pk اور آزاد جموں و کشمیر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی ویب سائیٹ www.ajkppra.gov.pk سے ملاحظہ/ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

11۔ تمام بلیک لسٹ فرمز Bidding میں شرکت کے لیے نااہل ہونگی۔ کوٹیشن دہندہ کی جانب سے بلیک لسٹ نہ ہونے کی نسبت مبلغ -/100 روپے کی بیان حلفی اوتھ کمشنر سے تصدیق شدہ شامل کی جانی ضروری ہے۔

رجسٹرار